کی گئی ہے

یہ کتاب یوں تو فاضل مصنف نے بی۔ای۔ڈی کے نصاب کے لیے لکھی ہے لیکن اس سے ہمارے عام نوجوان اور علماء بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

طباعت اور کتابت کا معیار عمدہ ہے

تحریکِ اسلامی میں کارکنوں کے باہمی تعلقات | تالیف: جناب خرم جاہ مراد۔ شائع کردہ: مکتبہ چراغِ راہ کراچی۔ صفحات ۱۳۶۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ طباعت اور کتابت عمدہ:

اسلام انفرادی تزکیہ و طہارت کی تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ ایک بہتر معاشرتی زندگی کا بھی پروگرام پیش کرتا ہے۔ اس بنا پر افراد کے باہمی تعلقات و روابط اسلامی سوسائٹی میں بہت بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ہمارے اچھے سے اچھے کام اور ہماری بہتر سے بہتر اصلاحی تحریکات بسا اوقات اس لیے ناکام ہو جاتی ہیں کہ ہمیں دوسروں کے ساتھ رہنے اور اُن کے ساتھ مل کر کام کرنے کا ڈھنگ نہیں آتا۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں ہمارے نوجوان مصنف نے، جنہیں ان معاشرتی معاملات کا ذاتی تجربہ ہے، اس بارے میں کتاب و سنت کی پیش کردہ ہدایات کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔

کتاب کا مطالعہ ہمارے نزدیک مسلمانوں کے ہر طبقہ کے لیے نہایت مفید اور کارآمد ہے۔

بتول سالنامہ | مرتبہ حمیدہ بیگم و درخشندہ کوکب۔ زرِ سالانہ پانچ روپے۔ سالنامے کی قیمت ۲ روپے چار آنے۔ مقامِ اشاعت: دفتر ماہنامہ بتول۔ ۴-۱ے ذیلدار پارک اچھرہ۔ لاہور صفحات ۱۹۸۔

اس بیش قیمت مجلہ کا تعارف پچھلے سال ترجمان القرآن کے صفحات میں آچکا ہے۔ زیرِ تبصرہ رسالہ اس کی اشاعتِ خاص ہے۔

پرچے کے مطالعہ سے جو مجموعی تاثر انسان کے ذہن پر مرتب ہوتا ہے وہ بڑا امید افزا ہے خصوصاً جب ایک آدمی یہ سوچتا ہے کہ یہ اُن خواتین کی نگارشات ہیں جن کا زیادہ وقت اپنے